19نومبر2021ء

اسٹیٹ بینک نے بہترین عالمی روایات کے مطابق زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کی سالانہ تعداد 6سے بڑھا کر 8 کر دی

بینک دولتِ پاکستان نے بہترین عالمی روایات کے مطابق زری پالیسی سازی کا عمل زیادہ قابلِ پیش گوئی اور شفاف بنانے کے سلسلے میں زری پالیسی جائزوں کی سالانہ تعداد 6 سے بڑھا کر 8 کر دی ہے۔ اس اقدام سے اجلاسوں کی تعداد ہمسر ابھرتی ہوئی مارکیٹوں میں ہونے والے اجلاسوں کے برابر ہو جائے گی۔ اس طرح زری پالیسی اقدامات زیادہ قابلِ پیش گوئی بھی ہو جائیں گے۔

چنانچہ، زری پالیسی کمیٹی کے اگلے پانچ اجلاسوں کی تاریخیں یہ ہیں:

1۔ دسمبر میں زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس: منگل 14 دسمبر 2021ء

2۔ جنوری میں زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس: پیر 24 جنوری 2022ء

3۔ مارچ میں زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس: منگل 8 مارچ 2022ء

4۔ اپریل میں زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس: منگل 19 اپریل 2022ء

5۔ جون میں زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس: جمعہ 10 جون 2022ء

زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کے اگلے چھ ماہ کا پیشگی کیلنڈر جون 2022ء کے اجلاس کے وقت جاری کیا جائے گا۔

****